24-06-26
12.30 PM
Signature Tune

****

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی میں جموں کشمیر میں گورننس کا نظام گزشتہ چند برسوں کے دوران انقلابی تبدیلیوں سے گزرا ہے۔

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں پنچایتی راج وزارت اور جمونوکشمیر انتظامیہ کے باہمی اشتراک سے منعقدہ ورکشاپ " سیوا سے سمردھی" سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ سال 2020 میں محض 35 خدمات آن لائن دستیاب تھیں جبکہ 2023 میں ان کی تعداد 11 سو تک پہنچ گئی اور اس طرح سے جمونو کشمیر نے نیشنل ای سروس ڈیلوری رینکنگ میں پہلا نمبر حاصل کیا۔

ایل جی ملاقات

بھارتی کرکٹ ٹیم کے ایڈمنسٹریٹو منیجر راجیش دھر نے لوگ بھون سرینگر مینلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ جموں کشمیر کرکٹ ایسوسیشن کی ورکنگ کمیٹی ممبر کیرتی دھر بھی اُنکے ساتھ تھی۔

اس دوران جموں بیسڈریزروڈ کیٹیگری ایمپلائز ایسوسیشن کشمیر کے چئیرمین وِپن کمار اور انیل گُپتا کی سربراہی میں شری امرناتھ جی یاترا ویلفیر ایسوسیشن کے ایک وفد نے بھی لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے اعلیٰ تعلیم محکمے کے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ڈگری کالجوں میں زیادہ سے زیادہ طالب علموں کے داخلے کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تکنیکی اہمیت کے حامل مضامین پڑھانے پر توجہ دیں۔ وزیر موصوفہ نے کالجوں میں جاری داخلہ عمل کا جائزہ

لینے کیلئے طلب کی گئی ایک میٹنگ کے دوران کہا کہ طالب علموں کی فلاح و بہبود سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔

سپوٹ راؤنڈ

اس دوران اعلیٰ تعلیم محکمے نے جموں کشمیر کے کالجوں میں تدریسی سال 27-2026 کیلئے انڈر گریجویٹ اور انٹِگریٹڈ پی جی کورسز میں داخلے کی خاطر سپوٹ راؤنڈکا اعلان کیا ہے۔ اس عمل کے ذریعے داخلے کے دوسرے راؤنڈ کی تکمیل کے بعد باقی ماندہ خالی نشستوں کو پُر کیا جائے گا۔ جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے طالب علموں سے تلقین کی ہے کہ وہ سپوٹ راؤنڈسے بھر پور استفادہ کریں۔

محرم

محرم الحرام کی 8تاریخ کی مناسبت سے آج وادی بھر میں عزاداری کے جلوس نکالے جا رہے ہیں۔ علم شریف کا سب سے بڑا جلوس سرینگر کے گرو بازار سے ڈلگیٹ کی طرف بر آمد کیا جا رہا ہے جس میں مختلف اضلاع سے آئے عزادار بڑی تعداد میں شرکت کر رہے ۔

عقیدت مند مرثیہ اور نوحہ خوانی کر کے امام حسینؑ اور شہدائے کربلا کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔ انتظامیہ نے جلوس کے احسن اور پر امن انعقاد کے لئے حفاظت کے سخت انتظامات کئے ہیں ۔

آر بی آئی

ریزروڑ بینک آف انڈیاکے اہتمام سے جموں میں درمیانی درجے اور چھوٹے کار خانہ داروں کیلئے ایک جانکاری کیمپ منعقد ہوا ۔ اس کیمپ میں 160 ایم ایس ایم ای کارخانہ داروں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر مقررین نے کہا کہ چھوٹی صنعتیں ملک کی اقتصادیات میں ایک اہم رول اداکرتی ہیں۔

آئی یو ایس ٹی

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کشمیرکے سینٹر فار مینٹل ہیلتھ اینڈ ویلنس کے اہتمام سے یونیورسٹی میں ایک پوسٹر کمپٹیشن کا انعقاد ہوا۔ نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت اس مقابلے کا موضوع

تھا۔

اس پروگرام کا افتتاح یونیورسٹی کے رجسٹرار پروفیسر شمیم احمد شاہ نے کیا جبکہ یونیورسٹی میں مذکورہ ابھیان کے نوڈل افسر ڈاکٹر جی این ایتو بھی اس موقعے پر موجود تھ مقررین نے منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں شُرکاءکو جانکاری دی۔ پروگرام کے آخر میں پوسٹر کمپٹیشن کے فاتحین میںانعامات تقسیم کئے۔

یوم تاسیس

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے کہا ہے کہ ہتھیار بند فوج کے جوان ملک کی سالمیت کو برقرا ررکھنے کیلئے بے لوث خدمات انجام دے کر مختلف قسم کی قربانیاں دیتے ہیں۔ وہ سرینگر مینضلع سینک ویلفئیر بورڈ کے 74 وینیوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اکشے لابرو جو کہ مذکورہ بورڈ کے صدر بھی ہیں نے کہا کہ ضلع انتظامیہ سابق فوجیوں ، ویر ناریوں اور شہید ہوئے فوجی جوانوں کی بیواوؤں کی فلاح و بہوبود کیلئے وعدہ بند ہے۔

ڈی سی گاندربل

ندربل کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ طلب کر کے مردم شماری کے پہلے مرحلے کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبے ترتیب دینے میں مردم شماری کی اہمیت اُجاگر کرتے ہوئے اس عمل کو کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت دی۔

ڈی سی کولگام

ضلع انتظامیہ کولگام کے اہتمام سے مشن یوا کے تحت مقرر کئے گئے موٹِویٹرسکیلئے صلاحیت سازی کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ضلعے کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے کہا کہ مشن یوا با صلاحیت نوجوانوں کیلئے روزگار کے موقعے پیدا کرنے مینکلیدی اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے اُدھیم جاگرتی کے پانچویں مرحلے کی کامیاب عمل آوری کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ